PR NO31

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

ترکی میں ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس

انتظامی امور میں بہتری لانے کے لئے ایک دوسرے سے تجربات کا تبادلہ ضروری ہے۔اعجاز احمد قریشی

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا اجلاس سے صدارتی خطاب

اسلام آباد( ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ دنیا بھر میں محتسب کے اداروں کے قیام کا مقصد بنیادی حقوق کا تحفظ اور گڈ گورننس کا قیام ہے، انتظامی امور کی بہتری کے لئے ایک دوسرے سے محتسبین کے تجربات کا تبادلہ ضروری ہے۔وفاقی محتسب نے ان خیالات کا اظہار ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشین (اے او اے) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس سے صدارتی خطاب کے دوران کیا۔ ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (اے او اے) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا سالانہ اجلاس گزشتہ روز (28 جون 2024ء) کو ترکی کے دارالحکومت استنبول میں منعقد ہوا، جس میں اے او اے کے صدر اور پاکستان کے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے وفد کے ہمراہ شرکت کی اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کے پچیسویں اجلاس کی صدارت کی۔اس اجلاس میں آذربائیجان، ہانگ کانگ، ایران، جاپان، کوریا، پاکستان، تاتارستان اور ترکی کے محتسبین نے شرکت کی۔واضح رہے کہ اے او اے ایشیاء کے محتسبین کی ایک تنظیم ہے جس کے ارکان کی تعداد 47 ہے اور یہ دنیا کی دو تہائی آبادی کی نمائندگی کرتی ہے۔ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (اے او اے) کے صدر اور وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے محتسب کے اداروں کی اہمیت، ان کے ذریعے گڈ گورننس کے قیام اور عام آدمی کو انصاف کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ محتسب کے ادارے گڈ گورننس کے قیام کے ذریعے عام آدمی کے معیار زندگی کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں محتسب (Ombudsman) کے اداروں کے قیام کا مقصد بنیادی حقوق کا تحفظ وحصول اور زندگی کے تمام شعبوں میں گڈ گورننس کا قیام ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک دوسرے کے تجربات اور اٹھائے گئے اقدامات کے تبادلے سے تمام اسٹیک ہولڈرز مستفید ہوسکتے ہیں۔محتسب کے اداروں کے تجربات آپس میں شیئر کرنے سے بدانتظامی اور بیورو کریٹک رکاوٹوں کے خاتمے کے ساتھ ساتھ ادارے بھی مضبوط ہوں گے۔وفاقی محتسب نے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبران کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے پاکستان پر اعتماد کا اظہار کیا اور محتسب کے اداروں کو مربوط و مضبوط کرنے اور گڈ گورننس کے قیام کے لئے اپنے عزم کا اظہار کیا۔بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں تنظیم کی جاری سرگرمیوں اور مستقبل کے اہداف کے بارے میں بھی غور وخوض کیا گیا۔اجلاس میں کہا گیا کہ عام آدمی کا معیار زندگی بہتر ہونے سے ان مقاصد کی تکمیل ہوتی ہے جن کے لئے یہ ادارے قائم کئے گئے ہیں۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

29 جون 2024ء